**15.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ ماجدعلی

**Music**

-------------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی تین ملکوں اردن، ایتھوپیا اور اومان کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے کے تحت عمان پہنچیں گے۔

☆ NDA اور اپوزیشن ارکانِ پارلیمنٹ کے درمیان بحث کے سبب پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی میں رخنہ پڑا ہے۔

☆ شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ DGCA کے تحت کرایوں کی نگرانی سے متعلق یونٹ کو مستحکم کیا جائے گا تاکہ ہوائی جہاز کے کرایوں پر نظر رکھی جاسکے۔

☆ دلّی ہوائی اڈے پر کہرے کی صورتحال بہتر ہوئی ہے۔ مسافروں کو پرواز سے پہلے اَپ ڈیٹ چیک کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

☆ اور سڈنی کے Bondi Beach پر گولی باری کرنے والوں کی شناخت باپ بیٹے کے طور پر ہوئی ہے، جن کا بنیادی طور پر تعلق پاکستان سے ہے۔ اِس حملے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 16 ہوگئی ہے۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-THREE NATION VISIT**

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج اردن، ایتھوپیا اور Oman کے تین ملکوں کے دورے پر روانہ ہوگئے۔ اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں، جناب مودی شاہ عبداللہ دوئم ابن الحسین کی دعوت پر اردن کا دورہ کریں گے۔ روانگی کے موقع پر اپنے بیان میں، وزیرِ اعظم نے کہا کہ وہ اردن کے شاہ عبداللہ اور وزیرِ اعظم جعفر حسن کے ساتھ تفصیلی تبادلۂ خیال کریں گے۔ جناب مودی Amman میں آباد بھارتی برادری سے بھی ملاقات کریں گے، جنہوں نے بھارت - اردن تعلقات میں نمایاں تعاون کیا ہے۔ جناب مودی کا یہ دورہ دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 برس مکمل ہونے کے موقع پر ہورہا ہے۔

Amman سے وزیرِ اعظم کل ایتھوپیا کی راجدھانی Addis Ababa جائیں گے۔ وہ ایتھوپیا کے وزیرِ اعظم ڈاکٹر Abiy احمد علی کے ساتھ تفصیلی بات چیت کریں گے۔ جناب مودی وہاں آباد بھارتی برادری سے ملاقات کریں گے اور پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے بھی خطاب کریں گے۔ اپنے دورے کے آخری مرحلے میں، جناب مودی بدھ کے روز اومان کے مسقط پہنچیں گے۔ وزیرِ اعظم کا یہ دورہ بھارت اور Oman کے درمیان سفارتی تعلقات کے 70 برس مکمل ہونے کے موقع پر ہورہا ہے۔ مسقط میں، جناب مودی Oman کے سلطان کے ساتھ تبادلۂ خیال کریں گے اور وہاں آباد بھارتی برادری سے بھی خطاب کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ... VC - Vinod Kumar

*بھارت اور اردن کے درمیان تعلقات گہرے تاریخی رشتوں، باہمی احترام اور سیاسی، اقتصادی اور کلیدی شعبوں میں بڑھتے اشتراک پر مبنی ہیں۔ 1950 میں قائم ہوئے سفارتی تعلقات گذشتہ 75 برس میں مستحکم ہوئے ہیں، جس سے علاقائی استحکام، ترقی اور رابطوں کی مشترکہ دلچسپی کا اظہار ہوتا ہے۔ آج باہمی تعلقات مسلسل اعلیٰ سطحی رابطوں اور اعلیٰ قیادت کے درمیان آپسی سمجھ بوجھ پر مبنی ہیں۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی کا اردن کا یہ دورہ تقریباً چار دہائیوں میں کسی بھارتی وزیرِ اعظم کا پہلا باضابطہ مکمل دورہ ہے۔ اُن کے اِس دورے سے، بھارت-اردن تعلقات اور دونوں ملکوں کے درمیان دوستی اور اشتراک کے رشتے مزید مستحکم ہونے کا امکان ہے۔*

*Amman سے وِنود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ...*

## VP-PM-SARDAR PATEL

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے آج سردار ولبھ بھائی پٹیل کی 75 ویں برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ جناب پٹیل کی قیادت نے زبان، ثقافت اور علاقائی گوناگونیت میں بٹے ایک ملک کو یکجا کرنے کا مشکل کام انجام دیا۔ جناب رادھا کرشنن نے مزید کہا کہ اُن کی وراثت 'ایک بھارت شریشٹھ بھارت' کے نظریئے کو تقویت دیتی ہے اور ملک کو وِکست بھارت کے سفر میں رہنمائی کرتی ہے۔

وزیراعظم مودی نے کہا کہ سردار پٹیل نے اپنی زندگی ملک کو ایک تانے بانے میں پرونے کیلئے وقف کردی۔ انہوں نے کہا کہ ملک، ایک اٹوٹ اور طاقتور بھارت وَرش تعمیر کرنے کیلئے انہیں ہمیشہ یاد رکھے گا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ سردار پٹیل نے الگ الگ حصوں میں بٹے آزاد بھارت کو ایک طاقتور ملک کی شکل دی تھی، جبکہ اُس وقت حالات مشکل تھے۔ جناب شاہ نے کہا کہ ملک کے پہلے وزیر داخلہ کی حیثیت سے سردار پٹیل نے بھارت ماں کی سکیورٹی، داخلی سلامتی اور امن قائم کرنے کو اپنی زندگی کا مقصد بنالیا تھا۔×

**PARLIAMENT-ADJOURN**

مختلف معاملات پر برسرِ اقتدار اور حزبِ اختلاف کے رہنماؤں کے درمیان گرما گرم بحث کے پیشِ نظر لوک سبھا کی کارروائی دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔ پہلی بار ملتوی کئے جانے کے بعد، جب ایوان کی کارروائی دوپہر 12 بجے شروع ہوئی، تو اپوزیشن کے ارکانِ پارلیمنٹ نے نعرے بازی شروع کردی اور وہ یہ کہتے ہوئے، ایوان کے وسط میں آگئے کہ حکمراں پارٹی ایوان کی کارروائی چلنے دینا نہیں چاہتی۔ NDA کے ارکانِ پارلیمنٹ نے کانگریس کی ایک ریلی کے دوران، وزیرِ اعظم نریندر مودی کے خلاف کی گئی قابلِ اعتراض رائے زنی کا معاملہ بھی اٹھایا۔ Presiding افسر نے احتجاج کرنے والے ممبران سے ایوان کی کارروائی چلنے دینے کی اپیل کی لیکن شور و غل جاری رہا اور کارروائی دوپہر 2 بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔ اِس سے قبل لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کارروائی اِسی معاملے پر دوپہر 12 بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی تھی۔ آج جب لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو پارلیمانی امور کے وزیر کرن ریجیجو نے کل نئی دلّی میں کانگریس کی ایک ریلی کے دوران وزیرِ اعظم کے خلاف کی گئی رائے زنی کی مذمت کرتے ہوئے یہ معاملہ اٹھایا۔ جناب ریجیجو نے کہا کہ ایسی رائے زنی اِس ملک کیلئے ناقابلِ قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ شرمناک اور افسوسناک ہے۔

**SB - Kiren Rijiju**

اسی طرح کی صورتحال راجیہ سبھا میں رہی۔ جب آج ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو ایوان کے رہنما جے پی نڈا نے بھی راجیہ سبھا میں اپوزیشن کے رہنما ملک ارجن کھڑگے اور سینئر کانگریس لیڈر سونیا گاندھی سے معافی کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اِس طرح کی منفی رائے زنی سے کانگریس پارٹی کی سوچ اور ذہنیت معلوم ہوتی ہے۔

**SB - JP Nadda**

**RS-AIR FARE**

شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ DGCA کے تحت کام کرنے والے کرایوں کی نگرانی سے متعلق یونٹ کو مزید مستحکم کیا جائے گا تاکہ ہوائی جہازوں کے کرائے پر قریبی نظر رکھی جاسکے۔ آج راجیہ سبھا میں وقفۂ سوالات کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے، جناب نائیڈو نے کہا کہ گھریلو پروازوں کے کرایوں کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی پروازوں کے کرایوں پر بھی نگرانی رکھی جارہی ہے۔ وزیرِ موصوف نے کہا کہ حالیہ IndiGo بحران کے پیشِ نظر، جس کے سبب بڑے پیمانے پر پروازیں منسوخ ہوئی تھیں، وزارت نے کارروائی کی اور ہوائی جہاز کے کرایوں کی حد مقرر کی ہے اور انہیں کفایتی اور سب کیلئے قابلِ رسائی بنایا ہے۔

**SB - Ram Mohan Naidu**

شہری ہوا بازی کے وزیر نے کہا کہ ایئر سیوا پورٹل پر کرایوں کی نگرانی سے متعلق سہولت فراہم کی گئی ہے اور اگر کسی

مسافر کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ ہوائی جہاز کا کرایہ کافی زیادہ ہے تو وہ وزارت کے پورٹل پر اسکرین شاٹ بھیج سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ معلومات موصول ہونے پر، وزارت متعلقہ ایئرلائن کے خلاف کارروائی کرے گی۔ x

**DELHI AIRPORT ADVISORY**

دلّی ہوائی اڈّے کے رَن وے پر حالات بہتر ہونے کی وجہ سے پروازوں کی آمد ورفت معمول پر آ رہی ہے، تاہم کچھ پروازوں کی آمد ورفت میں فرق پڑ سکتا ہے۔ مسافروں کو دی گئی ایک ایڈوائزری میں دلّی ہوائی اڈّے نے مسافروں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ تازہ جانکاری کیلئے اپنی ایئرلائنز کے ساتھ رابطے میں رہیں۔ اُس نے کہا ہے کہ ہوائی اڈّے پر موجود عملہ مسافروں کی مدد کیلئے موجود رہے گا۔x

**JAISHANKAR-UAE**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج ابوظہبی میں 16ویں مشترکہ کمیشن اور پانچویں دفاعی مذاکرات کی مشترکہ صدارت کریں گے۔ اُن کے ساتھ متحدہ عرب امارات کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ شیخ عبداللہ بن زائد النہیان بھی ہوں گے۔ اس کے بعد ڈاکٹر جے شنکر اسرائیل کا دورہ کریں گے اور اسرائیل کے اپنے ہم منصب Gideon Sa'ar کے ساتھ دوطرفہ صلاح مشورہ کریں گے۔x

**JAISHANKAR-WONG**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آسٹریلیا کے اپنے ہم منصب Penny Wong کے ساتھ ٹیلی فون پر بات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزیر موصوف نے بتایا کہ بات چیت کے دوران انہوں نے Bondi Beach پر ہوئے دہشت گردانہ حملے پر اپنی تعزیت پیش کی اور مکمل حمایت کا یقین دلایا۔x

**BJP-ASSAM&TN INCHARGE**

BJP نے پارٹی کے نائب صدر Baijayant پانڈا کو آسام اسمبلی انتخابات کیلئے، انتخابی انچارج بنایا ہے۔ پارٹی نے بی جے پی MLA اور جموں اور کشمیر قانون ساز اسمبلی میں اپوزیشن کے لیڈر سنیل کمار شرما اور سابق مرکزی وزیر درشن بین جاردوش کو ریاستی اسمبلی انتخابات کیلئے، Co-Incharge بنایا ہے۔ دوسری جانب پارٹی کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر پیوش گوئل آنے والے تمل ناڈو اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی انچارج ہوں گے۔ پارٹی نے، پارٹی لیڈروں اور مرکزی وزراء ارجن رام میگھوال اور مرلی دھر Mohol کو ریاستی اسمبلی انتخابات کیلئے Co-Incharge بنایا ہے۔x

**PM-EMPEROR STAMP**

وزیراعظم نریندر مودی نے حکمراں Perumbidugu Mutharaiyar-II (سُورَن مارن) کے اعزاز میں ایک ایک ڈاک ٹکٹ جاری کرنے پر خوشی کا اظہار کیا۔ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن کو جواب دیتے ہوئے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ وہ ایک ناقابل فراموش منتظم تھے، جو غیر معمولی ویژن، نظریئے اور ذہین اسٹریٹجی کے حامل تھے۔ انہیں، اُن کے انصاف کیلئے وقف ہونے کیلئے یاد کیا جاتا ہے اور وہ تمل ثقافت کے علمبردار تھے۔ جناب مودی نے نوجوانوں سے زور دے کر کہا کہ وہ Perumbidugu Mutharaiyar-II کی غیر معمولی زندگی کو پڑھیں۔×

**AUSTRALIA SHOOTING**

آسٹریلیا کے شہر سِڈنی میں Bondi Beach پر یہودی تہوار Hanukkah پر کیے گئے ایک دہشت گردانہ حملے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 16 ہوگئی ہے۔ حملہ آوروں کی شناخت باپ اور بیٹے کی طور پر ہوئی ہے، جن کا اصل تعلق پاکستان سے ہے۔ آسٹریلیا کی پولیس نے اِس گولی باری کو دہشت گردانہ حملہ قرار دیا ہے۔ حکام کے مطابق ایک 50 سالہ شخص اور اُس کا 24 سال کا بیٹا، مبینہ حملہ آور تھے۔ اِس شخص کی موت ہوچکی ہے جبکہ اُس کا بیٹا اسپتال میں داخل ہے اور پولیس حراست میں ہے۔ اِس حملے میں دو پولیس افسروں سمیت 42 افراد زخمی بھی ہوئے۔ آسٹریلیا کے وزیراعظم Anthony Albanese نے کہا ہے کہ آسٹریلیا میں رہنے والے یہودیوں پر حملہ ہر آسٹریلیائی شہری پر حملے کے مترادف ہے اور اِس حملے سے سبھی کو تکلیف ہوئی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے دہشت گردوں کے اِس وحشیانہ حملے کی سخت مذمت کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے سوگوار کنبوں سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ بھارت، دکھ کی اِس گھڑی میں آسٹریلیا کے عوام کے ساتھ ہے۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ بھارت نے دہشت گردی کو بالکل برداشت نہ کرنے کی پالیسی اختیار کر رکھی ہے اور وہ ہر طرح کی دہشت گردی کے خلاف لڑائی کی حمایت کرتا ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھی اِس دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی ہے۔ سوشل میڈیا کی پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت کے عوام اس حملے کے متاثرین کے کنبوں کے ساتھ ہے۔×

**INDIA-UN**

ریاض میں منعقدہ ثقافتوں کے اقوام متحدہ کے اتحاد UNAOC کے گیارہویں ایڈیشن میں کل بھارت نے وسودھیو کٹمبکم اور مذہبی ہم آہنگی کے نظریئے کیلئے اپنے عہد کی توثیق کی۔ وزارت خارجہ میں مشرقی ملکوں کے اُمور کے شعبہ کے سکریٹری پی-کمارن نے بھارتی وفد کی قیادت کی اور UNAOC کے گروپ آف فرینڈس کے ساتھ ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی اور اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے بھارت کی تہذیبی وراثت، ثقافتی گوناگونیت سبھی مذاہب اور عقیدے کے تئیں احترام اور سُروادھرما

سمبھاؤ' پر زور دیا۔ انہوں نے عالمی امن و امان آپسی گفت و شنید اور تعاون کی اہمیت کو بھی اُجاگر کیا۔
اس فورم کی میزبانی 14 سے 15 دسمبر کے درمیان سعودی عرب کررہا ہے، جس میں اختلافِ رائے کے متعلق اظہار خیال کرنے کیلئے سیاسی رہنماء، مذہبی نمائندے، سوِل سوسائٹی، نوجوان اور میڈیا کے افراد ایک ساتھ جمع ہوئے۔ UNAOC کا یہ فورم دو دہائیوں پر مشتمل ہے۔ اس اجتماع کا مقصد باہمی احترام کی افہام وتفہیم اور دیرپا امن کے عزم کی تجدید کرنا ہے۔×

## US-VISA

امریکی حکومت، H-1B ویزا کے درخواست دہندگان اور اُن پر منحصر افراد کی H-4 ویزا کے درخواست دہندگان کی جانچ پڑتال، آج سے اور زیادہ تفصیل سے کرے گی، جس میں اُن کے سوشل میڈیا پروفائلز کو بھی دیکھا جائے گا۔ ایک نئے حکم نامے میں خارجی محکمے نے کہا کہ 15 دسمبر سے H-1B ویزا کے سبھی درخواست دہندگان اور اُن پر منحصر افراد کی آن لائن موجودگی کا جائزہ لیا جائے گا۔ طلبا اور ایک دوسرے کے ملکوں میں آنے جانے والے لوگوں کی جانچ پڑتال کی جاتی رہی ہے، لیکن اب محکمے نے سوشل میڈیا پروفائلز کی جانچ پڑتال بھی شروع کر دی ہے، تاکہ H-1B ویزا کی درخواست دینے والوں اور H-4 ویزا پر اُن کے انحصار کرنے والوں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔×

## PM-SQUASH

وزیرِ اعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے اسکواش کی بھارتی ٹیم کو پہلی مرتبہ عالمی کپ کا خطاب جیت کر تاریخ رقم کرنے پر مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر، وزیرِ اعظم مودی نے کھلاڑیوں کی غیرمعمولی کارکردگی کی ستائش کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اُن کی اِس حصولیابی سے عالمی سطح پر بھارتی کھیلوں کی مضبوط ہوتی شبیہہ کا اظہار ہوتا ہے۔ وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا کہ ٹیم نے ملک کیلئے شاندار تاریخ رقم کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اُن کی یہ کامیابی نئے ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کیلئے باعثِ تحریک رہے گی۔ x

## MESSI-DELHI TOUR

آج قومی راجدھانی دلّی، ارجنٹینا کے فٹ بال کھلاڑی Lionel Messi کا خیرمقدم کرنے کیلئے تیار ہے۔ ارجنٹینا کے فٹ بال کھلاڑی آج دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں دوپہر ایک بجے سے سہ پہر چار بجے کے درمیان ایک پروگرام میں شامل ہوں گے۔ دلّی ٹریفک پولیس نے اُن کے پروگرام کے پیشِ نظر ایڈوائزری جاری کی ہے اور کہا ہے کہ اسٹیڈیم کے آس پاس گاڑیوں کی آمد و رفت دوپہر سے شام پانچ بجے تک متاثر رہے گی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆